بیادگارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب

آفاق سرینگر

Daily AFAAQ Srinagar

جمعۃ المبارک ۱۷ جولائی ۲۰۲۶ء بمطابق ۲ صفر المظفر ۱۴۴۸ھ

## اقوال زریں

برائی کی کامیابی کے لیے صرف اتنا کافی ہے کہ اچھے لوگ خاموش رہیں۔ ایڈمنڈ برک

## وقت کا تقاضا

ہر دور کے مختلف تقاضے اور ضرورتیں ہوتی ہیں یہ دور ترقی کا دور ہے اور اس دور کی اہم ضرورت فنی مہارت ہے۔ فنی تربیت انسان کی چھپی ہوئی صلاحیتوں کو اجاگر کرتی ہے اور ایک باعزت روزگار حاصل کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہے۔

جو ملک فنی تعلیم کی ضرورت کو سمجھتے ہیں اور فنی مہارت کو لازمی قرار دیتے ہیں وہ اتنی جلدی ترقی کی راہ پر گامزن ہوتے ہیں۔ جہاں فنی ماہرین کی کمی ہے وہ ترقی کرنے کے لیے دوسرے ترقی یافتہ ملکوں کے محتاج رہتے ہیں۔

نوجوان نسل اپنا آدھا وقت ڈگری کے حصول میں گزار دیتی ہے اور آدھا روزگار کی تلاش میں۔ پبلک سیکٹر میں چند ہزار آسامیاں ہوتی ہیں جنہیں حاصل کرنا اب مشکل ہو رہا ہے اور نوجوانوں کو تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود بھی ملازمت کے حصول میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے وہ مایوسی کا شکار ہو کر یا تو غلط راہ اختیار کر لیتے ہیں اور کچھ دلبرداشتہ ہو کر خودکشی جیسے سنگین اقدام کی طرف بھی چلے جاتے ہیں۔ اگر نوجوان نسل تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنرمندی کی جانب راغب ہوں تو اس سے معاشی مسلہ سے نبٹا جاسکتا ہے۔ تعلیم کے ساتھ اگر کوئی شارٹ کورس بھی کر لیں جیسے موبائل ریپئرنگ، الیکٹریشن، الیکٹریکل وائرنگ، سول ڈرافٹسمین، ریفریجریشن اینڈ ائرکونڈیشنگ، دیگر ٹکنیکل کورسز جیسے تھری ڈی ڈرائنگ، فیشن ڈیزائننگ، الیکٹریکل اپلائنسز وغیرہ تو اپنا مستقبل محفوظ بنا سکتے ہیں یہ مشینی دور ہے آج کے دور میں ایک ہنرمند ایک ادیب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے ایک لوہار ایک بی۔ اے ڈگری ہولڈر سے زیادہ بہتر ہے کیونکہ لوہار اپنے فن کے سبب آسانی سے ملازمت اختیار کر لے گا جب کے گریجویٹ کافی جگہ درخواستیں دے گا دھکے کھائے گا ہنرمند انسان آسانی سے روزی پیدا کر لیتا ہے اور ملک کی معیشت کو بھی مضبوطی فراہم کر سکتا ہے ہنرمندی بیروزگاری کے خاتمے میں اہم کردار ادا کرتی ہے

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ہنرمندی کو پسند فرمایا ہے ایک بار ایک سوالی آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا "یارسولؐ بہت غریب ہوں کوئی ایسا عمل بتا دیں کہ یہ غربت ختم ہو جائے" آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اس سے کلہاڑی منگوائی اور اس پر دستہ لگا کر اسے لکڑی کاٹ کر بیچنے کے ہنر کی ترغیب دی۔ اسی طرح حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ "جب میں کڑیل جوان دیکھتا ہوں تو مجھے اچھا لگتا ہے مگر جب یہ کہا جائے کہ اسکے پاس کوئی ہنر نہیں ہے تو وہ میری نظروں سے گر جاتا ہے"۔ ہنرمندی حصول معاش کا بہترین زریعہ ہے اور اس سے مہنگائی کا خاتمہ بھی ممکن ہے۔ کہتے ہیں کہ سری لنکا میں شرح خواندگی اٹھانوے فیصد ہے مگر فنی تربیت حاصل نہ کرنے کے باعث انہیں غربت کا سامنا ہے۔ ہمارے یہاں فنی تعلیم کے شعبے میں توجہ کی بہت ضرورت ہے یہاں پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ تو ہیں پر کورسز جدید نہیں کہ آج کے تقاضوں کو پورا کر سکیں انہیں اپ گریڈ کرنے کی اشد ضرورت ہے یہاں ہر شعبے میں ترقی حاصل کرنے کے لئے فنی ماہرین کی ضرورت ہے حکومت کو چاہیے کہ نصاب میں فنی مہارت کا کوئی ایک نصاب ضرور شامل کرے اور فنی تربیت گاہوں کی تعداد میں اضافہ کرے نیز ان تربیت گاہوں کی فیس کم سے کم ہو تا کہ طالب علم انکے اخراجات برداشت کر سکیں اور زیادہ سے زیادہ لوگ فنی مہارت حاصل کر کے قوم کو بام عروج پر لے جائیں

ہنرمندی کیلئے یہاں اگرچہ الگ ادارہ قائم ہے لیکن اس ادارے کو جدید تقاضوں کے مطابق تعلیم کیساتھ فنی تعلیم کو تقویت پہونچانے کیلئے حکومت کیساتھ تجاویز رکھنی چاہیے تا کہ نوجوان تعلیم کیساتھ خود روزگار کے وسائل پیدا کرنے کے اہل بن سکیں

# خدمتِ انسانیت کا اسلامی تصور



تحریر: تانترے اظہر نصیر

اسلام ایک ایسا مکمل ضابطۂ حیات ہے جو انسان کی انفرادی، اجتماعی، اخلاقی اور روحانی زندگی کے ہر پہلو کی رہنمائی کرتا ہے۔ اسلام کی تعلیمات کا بنیادی مقصد ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں عدل، مساوات، رحم، محبت اور باہمی تعاون کو فروغ حاصل ہو۔ انہی عظیم تعلیمات میں خدمتِ انسانیت کو ایک نمایاں مقام حاصل ہے۔ اسلام میں خدمت انسانیت محض ایک سماجی ذمہ داری نہیں بلکہ ایک عظیم عبادت، اخلاقی فریضہ اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ جو شخص اللہ کی مخلوق کی خدمت کرتا ہے، وہ درحقیقت اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

قرآن مجید بار بار انسان کو نیکی، احسان، ہمدردی اور تعاون کی تلقین کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے": نیکی اور تقویٰ کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرو۔ "(سورۃ المائدہ، آیت 2) یہ آیت مسلمانوں کو یہ تعلیم دیتی ہے کہ معاشرے کی بھلائی، فلاح اور اصلاح کے ہر کام میں ایک دوسرے کا ساتھ دینا ایمان کا تقاضا ہے۔ کسی بھوکے کو کھانا کھلانا، کسی بیمار کی تیمارداری کرنا، کسی یتیم کی کفالت کرنا، کسی مجبور کا سہارا بننا یا کسی پریشان حال کی دلجوئی کرنا سب نیکی کے کام ہیں جن کی اسلام بھرپور حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

اسلام میں انسان کی جان، عزت اور مال کو بے حد اہمیت دی گئی ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے": جس نے ایک جان کو بچایا گویا اس نے پوری انسانیت کو بچایا۔ "(سورۃ المائدہ، آیت 32) یہ آیت انسانی جان کے احترام اور خدمتِ انسانیت کی عظمت کو واضح کرتی ہے۔ کسی انسان کی جان بچانا صرف طبی امداد فراہم کرنا ہی نہیں بلکہ اسے بھوک، جہالت، بیماری، ناانصافی اور مایوسی سے بچانا بھی اسی خدمت کا حصہ ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پوری انسانیت کے لیے رحمت بنا کر بھیجے گئے۔ آپ کی پوری زندگی خدمت، شفقت، رحم دلی اور ایثار کی روشن مثال ہے۔ آپ نے کبھی کسی ضرورت مند کو خالی ہاتھ واپس نہیں لوٹایا۔ آپ یتیموں کے سر پر شفقت رکھتے، بیواؤں کی مدد کرتے، بیماروں کی عیادت فرماتے، غلاموں کے ساتھ حسنِ سلوک کرتے اور دشمنوں کے ساتھ بھی عدل اور رحم کا برتاؤ کرتے تھے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا": اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب وہ لوگ ہیں جو لوگوں کو سب سے زیادہ فائدہ پہنچاتے ہیں۔ "(المعجم الاوسط) (یہ حدیث اسلام کے سماجی نظام کی بنیاد بیان کرتی ہے۔ ایک مسلمان کی کامیابی اس بات میں نہیں کہ وہ صرف اپنی ذات کے لیے جئے بلکہ وہ دوسروں کی زندگی آسان بنانے کی کوشش کرے۔ ایک اور حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا": جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی ضرورت پوری کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کی ضرورت پوری فرماتا ہے۔ "(صحیح بخاری) یہ تعلیم ہمیں بتاتی ہے کہ دوسروں کے مسائل حل کرنا دراصل اپنی دنیا اور آخرت کو سنوارنے کا ذریعہ ہے۔

اسلام نے والدین، رشتہ داروں، پڑوسیوں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں اور ضرورت مند افراد کے حقوق واضح طور پر بیان کیے ہیں۔ سورۃ النساء میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے": اللہ کی عبادت کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، اور والدین، رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، قریبی پڑوسی، دور کے پڑوسی، ساتھی، مسافر اور غلاموں کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ "(سورۃ النساء، آیت 36) یہ آیت اسلامی معاشرت کی ایک مکمل تصویر پیش کرتی ہے جہاں ہر فرد دوسرے کے حقوق کا محافظ ہوتا ہے۔

اسلام میں زکوٰۃ، صدقہ، خیرات، فطرانہ اور وقف جیسے نظام اسی مقصد کے لیے قائم کیے گئے تا کہ دولت صرف چند ہاتھوں میں محدود نہ رہے بلکہ معاشرے کے کمزور طبقات تک بھی پہنچے۔ زکوٰۃ صرف مالی عبادت نہیں بلکہ سماجی انصاف کا ایک مضبوط نظام ہے جو غربت کے خاتمے اور معاشرتی مساوات کے قیام میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا": وہ شخص مومن نہیں جو خود پیٹ بھر کر کھائے جبکہ اس کا پڑوسی بھوکا ہو۔ "(المعجم الکبیر) یہ حدیث ہمیں احساس دلاتی ہے کہ اسلام میں حقیقی ایمان صرف عبادات کا نام نہیں بلکہ دوسروں کے دکھ درد کو محسوس کرنا بھی ایمان کا حصہ ہے۔

خدمتِ انسانیت کا دائرہ صرف مسلمانوں تک محدود نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غیر مسلموں کے ساتھ بھی حسنِ سلوک، عدل اور خیر خواہی کا بہترین نمونہ پیش کیا۔ مدینہ کی ریاست میں ہر شہری کو مساوی حقوق حاصل تھے۔ یہی اسلامی معاشرت کی اصل روح ہے۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی خدمتِ خلق کی بے مثال مثالیں قائم کیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلافت کے بعد بھی بیواؤں کے گھروں میں جا کر ان کی ضروریات پوری کرتے رہے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ رات کے وقت مدینہ کی گلیوں میں نکل کر لوگوں کے حالات معلوم کرتے تھے۔ ایک مرتبہ انہوں نے ایک بھوکے خاندان کو دیکھا تو خود اپنے کندھوں پر آٹے کی بوری اٹھا کر ان کے گھر پہنچے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے مسلمانوں کے لیے کنواں خرید کر وقف کیا تا کہ ہر شخص بلا امتیاز پانی حاصل کر سکے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی سادگی، انصاف اور غریب پروری کی وجہ سے ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔

اسلام علم کی خدمت کو بھی خدمتِ انسانیت قرار دیتا ہے۔ ایک استاد جو معاشرے کو تعلیم دیتا ہے، ایک ڈاکٹر جو مریضوں کا علاج کرتا ہے، ایک انجینئر جو لوگوں کے لیے محفوظ راستے اور پل تعمیر کرتا ہے، ایک کسان جو خوراک پیدا کرتا ہے اور ایک سماجی کارکن جو ضرورت مندوں کی مدد کرتا ہے، اگر یہ سب اللہ کی رضا کے لیے کام کریں تو ان کا ہر عمل عبادت بن جاتا ہے۔ آج دنیا کو جن مسائل کا سامنا ہے ان میں غربت، بے روزگاری، قدرتی آفات، جنگیں، منشیات، جہالت، ماحولیاتی آلودگی اور ذہنی دباؤ شامل ہیں۔ ان تمام مسائل کا مقابلہ صرف حکومتیں نہیں کر سکتیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اسلام بھی یہی تعلیم دیتا ہے کہ ہر شخص اپنی استطاعت کے مطابق دوسروں کی مدد کرے۔ نوجوان اس میدان میں سب سے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ وہ تعلیمی معاونت، خون کے عطیات، شجر کاری، صفائی مہمات، منشیات کے خلاف آگاہی، یتیم بچوں کی کفالت، بزرگوں کی خدمت اور قدرتی آفات کے دوران امدادی سرگرمیوں میں حصہ لے کر معاشرے میں مثبت تبدیلی لا سکتے ہیں۔

اسلام اخلاص کو ہر عمل کی بنیاد قرار دیتا ہے۔ اگر خدمتِ انسانیت شہرت، تعریف یا دنیاوی فائدے کے لیے کی جائے تو اس کا اجر کم ہو جاتا ہے، لیکن اگر صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کی جائے تو وہی عمل صدقۂ جاریہ بن جاتا ہے۔ قرآن مجید میں نیک لوگوں کا وصف بیان کرتے ہوئے فرمایا گیا": ہم تمہیں صرف اللہ کی رضا کے لیے کھانا کھلاتے ہیں۔ ہم تم سے نہ کسی بدلے کے خواہاں ہیں اور نہ کسی شکریے کے۔ "(سورۃ الدہر، آیات 8، 9) یہ آیات ہمیں اخلاص، ایثار اور بے لوث خدمت کا درس دیتی ہیں۔

خدمتِ انسانیت کا آغاز ہمیشہ اپنے گھر سے ہوتا ہے۔ والدین کی خدمت، اہلِ خانہ کے حقوق کی ادائیگی، رشتہ داروں سے حسنِ سلوک اور پڑوسیوں کی خبرگیری ایک مسلمان کی بنیادی ذمہ داریاں ہیں۔ اس کے بعد یہ دائرہ پورے معاشرے تک پھیل جاتا ہے۔

اسلام ہمیں یہ بھی سکھاتا ہے کہ کسی انسان کی عزتِ نفس مجروح کیے بغیر اس کی مدد کی جائے۔ مدد کا بہترین طریقہ وہ ہے جس میں ضرورت مند کی خودداری محفوظ رہے۔ اسی لیے قرآن نے صدقہ و خیرات میں ریاکاری سے منع فرمایا ہے۔ آج کے دور میں سماجی تنظیمیں، رفاہی ادارے، رضاکار اور فلاحی کارکن خدمتِ انسانیت کے میدان میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اگر ان کی سرگرمیاں دیانت، شفافیت اور اخلاص پر مبنی ہوں تو وہ اسلامی تعلیمات کے حقیقی نمائندہ بن سکتے ہیں۔

ہر مسلمان کو روزانہ یہ سوچنا چاہیے کہ آج اس نے کسی ایک انسان کی زندگی میں کیا آسانی پیدا کی۔ شاید ایک مسکراہٹ، ایک اچھا لفظ، ایک مفید مشورہ، ایک دعا، ایک کتاب، ایک گلاس پانی یا ایک چھوٹی سی مالی مدد کسی کی زندگی بدلنے کا سبب بن جائے۔ اسلام چھوٹے نیک اعمال کو بھی بہت اہمیت دیتا ہے۔

خدمتِ انسانیت دراصل اللہ تعالیٰ سے محبت کا عملی اظہار ہے۔ جو شخص مخلوق سے محبت کرتا ہے، اللہ تعالیٰ بھی اس سے محبت فرماتا ہے۔ ایک مہذب، خوشحال اور پرامن معاشرہ اسی وقت وجود میں آتا ہے جب اس کے افراد ایک دوسرے کے دکھ درد کو اپنا دکھ سمجھیں اور اپنی صلاحیتوں کو انسانیت کی بھلائی کے لیے وقف کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اخلاص، رحم، ایثار اور خدمتِ خلق کا جذبہ عطا فرمائے۔ ہمیں ایسا کردار نصیب فرمائے کہ ہماری زندگی دوسروں کے لیے آسانی، امید اور خیر کا ذریعہ بن جائے۔ یہی اسلام کا پیغام ہے، یہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کا خلاصہ ہے اور یہی دنیا و آخرت کی حقیقی کامیابی کا راستہ ہے۔



> مدد کا بہترین طریقہ وہ ہے جس میں ضرورت مند کی خودداری محفوظ رہے۔ اسی لئے قرآن نے صدقہ و خیرات میں ریاکاری سے منع فرمایا ہے۔

# تدوین قرآن کے تین مراحل

ماجد مجید کشمیر یونیورسٹی

قرآن حکیم کی پہلی تدوین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں ہوگئی تھی، جس میں سورتیں اور سورتوں کی ترتیب معین ہوگئی، کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں قرآن مجید کتابی شکل میں موجود نہیں تھا۔ بلکہ لوگوں کے پاس مختلف حصوں میں لکھا ہوا تھا جیسے اونٹ کے شانے کی ہڈی پر، کولہے کی ہڈی پر کیونکہ کاغذ اس زمانے میں دستیاب نہیں تھا، البتہ کپڑا زیادہ دستیاب تھا، اس لئے کپڑے پر بھی لکھا جاتا تھا۔ قرآن مجید کی اصل حیثیت "قول" کی ہے نہ تو یہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو لکھی ہوئی شکل میں دیا گیا اور نہ ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کو لکھی ہوئی شکل میں دیا۔ جیسے جیسے قرآن نازل ہوتا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے لکھوا بھی لیتے اس کے لئے بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کتابت وحی کی ذمہ داری پر مامور تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے آخری رمضان میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبریل علیہ السلام سے قرآن مجید کا دو مرتبہ مکمل دور کیا اور جہاں تک حافظے میں اور سینے میں قرآن کا مدون ہو جانا ہے، وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ کے دوران مکمل ہوگیا تھا۔

1) ) تدوین قرآن کا دوسرا مرحلہ۔

قرآن حکیم کی تدوین کا دوسرا مرحلہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں آیا جب جنگ یمامہ میں حفاظ قرآن صحابہ کرام رضی اللہ علیہما کی کثیر تعداد شہید ہوئے تو تشویش پیدا ہوئی اور خیال آیا کہ اس قرآن کو اب کتابی شکل میں جمع کر لینا چاہئے۔ جس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بڑے متردد ہوئے کہ جو کام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا وہ میں کیسے کروں پھر رفتہ رفتہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بار بار اصرار پر اللہ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے سینے کو کشادہ کر دیا اس کے بعد حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ پر یہ ذمہ داری ڈالی گئی۔ پھر جن صحابہ کرام رضی اللہ علیہما کے پاس قرآن مجید کا جو بھی حصہ لکھی ہوئی شکل میں تھا ان سے لیا گیا اور مختلف شہادتوں اور حفاظ کی مدد سے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد میں قرآن مجید کو ایک کتاب کی شکل میں مرتب کر لیا گیا۔ قرآن مجید کی تدوین کا یہ دوسرا مرحلہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انتقال کے دو سال کے اندر اندر مکمل ہوگیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا عہد خلافت کل سوا دو برس ہے اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی تجویز پر اس کا نام مصحف رکھا گیا اور یہی تدوین قرآن کا دوسرا مرحلہ ہے۔ چنانچہ حدیث میں آتا ہے کہ قرآن مجید سات حروف پر نازل ہوا تھا، عربوں کی زبان اگرچہ ایک تھی لیکن بولیاں مختلف تھیں لہجے بھی مختلف تھے اس لئے سب کو اجازت تھی کہ اپنے اپنے لہجے کے اندر قرآن پڑھ لیا کریں لیکن مختلف لہجوں میں پڑھنے کے ساتھ کچھ لفظی فرق بھی آنے لگے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانے تک نوبت یہ آ گئی کہ مختلف لہجوں میں لفظی فرق کے ساتھ بھی قرآن پڑھا جانے لگا جس پر قوم جذباتی ہوگئی اور تلواریں نکل آئیں اندیشہ یہ ہوا کہ اگر اس طرح یہ بات پھیل گئی تو قرآن کا کوئی ایک ٹیکسٹ بھی متفق علیہ نہیں رہے گا چنانچہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے مشورے پر قرآن کا ایک ٹیکسٹ تیار کیا گیا اور تمام لہجوں کو رد کر کے قریش کے لہجے پر قرآن کا ٹیکسٹ تیار کیا گیا، اس طرح قرآن کا رسم الخط معین ہوگیا اور ایک متفق علیہ ٹیکسٹ وجود میں آ گیا۔

الغرض یہ ایک بہت بڑا کارنامہ ہے جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے صحابہ رضی اللہ عنہما کے مشورے سے سرانجام دیا۔ مختلف روایات کے مطابق آس کی چار نقول، پانچ نقول، اور بعض میں سات نقول کا عدد بھی ملتا ہے۔ ان میں سے ایک مصحف official version کے طور پر مدینے میں رکھا گیا جبکہ باقی نقلیں مکہ مکرمہ، دمشق، کوفہ، یمن، بحرین اور بصرہ کو بھیج دی گئیں۔ یہ بات قابل غور ہے کہ سورتوں کی تدوین بھی بلکہ ترتیب بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں عمل میں آ چکی تھیں جبکہ کتابی شکل میں قرآن ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں جمع ہوا۔ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ امت کو قرآن کے ایک ٹیکسٹ اور رسم الخط پر جمع کرنے والے ہیں آج دنیا میں جو مصحف موجود ہیں "مصحف عثمان" کہلاتا ہے۔ قرآن مجید کی حفاظت کے حوالے سے ایک نیکی مصر نے کمائی تھی جب اسرائیل نے قراءت قرآن مجید کے اندر تحریف کر کے اس کو عام کرنے کی کوشش کی تو حکومت مصر نے اپنے چوٹی کے قراء قاری محمود حصری اور عبدالباسط عبدالصمد سے پورا قرآن مجید مختلف قراءتوں میں تلاوت کرایا اور ان کے کیسٹس تیار کر کے دنیا میں پھیلا دئے کہ اب گویا وہ ریفرنس کا کام دیں گے اب کسی کے لئے ممکن نہیں کہ اس طرح قراءت کے حوالے سے قرآن میں کوئی تحریف کر سکے۔ قرآن حکیم کے تیسرے مرحلے کی یہ تدوین بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انتقال کے "24" برس کے اندر اندر مکمل ہوگئی۔ اور یہ بات پوری دنیا میں مسلم ہے کہ قرآن حکیم کا ٹیکسٹ محفوظ ہے اور جتنا محفوظ ٹیکسٹ قرآن کا ہے اتنا کسی اور کتاب کا نہیں ہے جہاں تک رسم الخط کا تعلق ہے اس کا ٹیکسٹ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے معین کر دیا اور یہ امت مسلمہ پر ان کا بڑا احسان ہے۔

